الشیخ حافظ عبید الرحمن مدنی — نائب ناظم اعلیٰ جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی

الشیخ یوسف سالک — ناظم مالیات

الشیخ ایوب غلام — نائب ناظم مالیات

الشیخ ثناء اللہ عبد الرحیم — ناظم تعلیمات

الشیخ فیض اللہ عبد الصمد — نائب ناظم تعلیمات

الشیخ محمد ابراھیم خان — ناظم دعوت وتبلیغ

اللہ سے دعا ہے کہ نئی انتظامیہ کو عزم وولولہ اور خلوص دل کے ساتھ مسلک حقہ کی بے لوث خدمت کرنے، کتاب وسنت کی آبیاری کرنے اور تن من دھن کے ساتھ امور جماعت چلانے کی توفیق دے۔

28-7-10 بلتستان میں سیلاب آیا، جس سے بہت ساری زرعی زمینیں دریا برد ہو گئیں، لوگوں کے مکانات تلف ہوئے اور کافی مالی وجانی نقصانات کا سامنا ہوا۔ جامعہ ہذا کے برانچ مدارس کے کئی اساتذہ کو بھی شدید مالی نقصان پہنچا۔ زرعی پانی کی عدم دستیابی سے بہت سے لوگوں کی فصلیں بھی تباہ ہوئیں۔

02-8-10 مدینہ یونیورسٹی میں جامعہ ہذا کے درج ذیل دس فارغ التحصیل طلباء کو داخلہ ملا: حافظ زاہد حسین سعید، ثناء اللہ عبدالغفور، حبیب اللہ موسیٰ، عارف اللہ ابراہیم، عبدالرشید عبدالسلام، عبداللہ عبدالرحیم، یحییٰ علیم اللہ، ... فردوس جمال، محی الدین کاظم، اور عبیدالرحمن عطاءالرحمن۔ امسال مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ کا شرف حاصل کرنے والے پاکستانی طلباء کی کل تعداد 68 ہے۔ ہم ان تمام طلباء کو اس غیر معمولی عزوشرف پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ محنت وجانفشانی کے ساتھ تعلیم حاصل کرکے اپنی مادر علمی اور وطن عزیز کے لیے باعث فخر سپوت بنیں گے۔

10-8-10 امسال سے عبادت گزاری اور دعوت وتبلیغ کے حوالے سے ماہ رمضان المبارک کی چھٹی ہونے لگی۔